accountabilitylab knowledge

# پاکستان


شمارہ نمبر 4 | اگست 2022




# کنٹری انالیسس رپورٹ 2022

اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان ملک میں پالیسی اقدامات اور ہر شعبے کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے سماجی، سیاسی اور معاشی ترقی کے اشاریوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ ملک میں حالیہ سیاسی غیر یقینی اور مالی بحران کے تناظر میں "کنٹری رپورٹ" میں مختلف شعبوں بشمول سکیورٹی، گورننس اور قانون کی حکمرانی میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں انسانی حقوق بشمول اقلیتوں، خواتین اور بچوں کے حقوق میں ہونے والی پیش رفت پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ یہ سماجی طور پر متحد، معاشی طور پر مستحکم اور سیاسی طور پر جوابدہ پاکستان کے بارے میں شہریوں کی بیداری کو فروغ دینے کے لیے مختلف ترقیاتی اشاریوں میں پیش رفت کی جائزہ رپورٹ ہے۔

# سیاسی صورتحال



اگست کا مہینہ پاکستان میں آزادی کے مہینے کے طور پر منایا جاتا ہے اور اس سال آزادی کی ڈائمنڈ جوبلی سالگرہ منائی گئی۔ تاہم ملک میں سیاسی اور معاشی بحران کافی شدید ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے قومی اسمبلی کے آمدہ ضمنی انتخابات میں 9 حلقوں سے انتخاب لڑنے کا اعلان کر کے ملکی انتخابی تاریخ میں نئی مثال قائم کی ہے۔

تاہم عمران خان کی سیاسی جماعت 8 سال پرانی غیر ملکی فنڈنگ کی تحقیقات کی دلدل میں پھنس چکی ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے متفقہ فیصلہ میں قرار دیا ہے کہ پارٹی کو ممنوعہ رقم موصول ہوئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے نوٹسز کے جواب کے لیے دو ہفتے کا وقت مانگا ہے۔

اسلام آباد میں ہزاروں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے ایک جلسے کے دوران حزب اختلاف کی جماعت کے سربراہ عمران خان کے خلاف انسدادِ دہشت گردی کے قانون کے سیکشن 7 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ عمران خان کے خلاف درج کی گئی ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ انہوں نے اپنے خطاب میں "پولیس حکام اور معزز خاتون سیشن جج کو ڈرایا دھمکایا"۔

عمران خان نے اپنی تقریر میں وعدہ کیا کہ وہ اپنے قریبی ساتھی شہباز گل کی گرفتاری میں ملوث افراد کو نہیں "چھوڑیں گے"۔

سابق وزیر اعظم کو انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے عبوری ضمانت دی ہے اور یکم ستمبر کو دوبارہ عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔

پاکستان میں میڈیا کے نظم و نسق کے ذمہ دار ادارے پیمرا نے عمران خان کی تقاریر براہ راست نشر کرنے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ پیمرا نے عمران خان پر الزام لگایا ہے کہ انہوں نے وفاقی دارالحکومت میں کی گئی اپنی تقریر میں ملکی اداروں کے خلاف "نفرت انگیز زبان" استعمال کی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان کی تقاریر براہ راست نشر کرنے کا حکم معطل کر دیا ہے اور قرار دیا ہے کہ پیمرا نے اپنے "اختیارات سے تجاوز" کیا۔

خیبر پختونخوا کے وزیر خزانہ تیمور جھگڑا نے صوبے میں سیلاب کی تباہ کاریوں کے باعث اس سال اپنی صوبائی حکومت کی طرف سے اضافی بجٹ دینے سے معذری کا اظہار کیا ہے۔ یہ اضافی بجٹ وفاقی حکومت کی طرف سے آئی ایم ایف کے ساتھ طے پانے والی کلیدی شرائط میں سے ایک شرط تھی۔


وفاقی حکومت نے تیمور جھگڑا کے اس بیان کو پی ٹی آئی کی طرف سے آئی ایم ایف کے قرض پروگرام کو "سبوتاژ" کرنے کی کوشش قرار دیا ہے۔ اسی حوالے سے حال ہی میں سابق وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر شوکت ترین اور خیبر پختونخوا کے وزیر خزانہ تیمور جھگڑا کے مابین ایک آڈیو کال بھی زیر گردش ہے۔



ملک میں سیلاب کے بحران کے باوجود، حکومت اور اپوزیشن پارٹیاں اختیارات کی جنگ لڑ رہی ہیں۔ تجزیہ نگاروں کا خیال ہے کہ ملک کی بڑی سیاسی جماعتیں اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں اور انہوں عوام پر آنے والی اس آفت کو "نظر انداز" کیا ہے۔

تاہم، 30 اگست کی رات پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان نے سیلاب زدہ علاقوں میں ریلیف اور بحالی کے کاموں کے لیے ایک ٹیلی تھون کے ذریعے 5 ارب 20 کروڑ روپے جمع کیے جس میں بڑا حصہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے دیا گیا۔

# تازہ ترین معاشی خبریں اور پیش رفت



پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر، وزارت خزانہ نے اگست کے مہینے کے لیے اپنی "اپ ڈیٹ اینڈ آوٹ لک" رپورٹ جاری کی جس میں خبردار کیا گیا ہے کہ ملک کا معاشی منظرنامہ عالمی اور مقامی سطح پر پائی جانے والی غیر یقینی صورتحال کا سامنا کر رہا ہے۔ پاکستان کی آزادی کی 75 ویں سالگرہ پر جاری کردہ ایک رپورٹ میں ملک کے 75 سالہ معاشی سفر کا جائزہ پیش کیا گیا ہے

جس کے مطابق ملک کی شرح نمو 1950 میں 3 ارب ڈالر سے بڑھ کر اب 2022 میں 383 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔ مزید برآں، پاکستان گزشتہ 75 سال کے دوران دنیا کی 24 ویں بڑی معاشی طاقت کے طور پر ابھرا ہے، اگرچہ یہ حقائق جھٹلائے نہیں جا سکتے تاہم یہ بھی اپنی جگہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی معیشت آسمان کو چھوتی مہنگائی جیسے چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے جو براہ راست شہریوں کی سماجی و اقتصادی ضروریات پر اثر انداز ہو رہی ہے۔

وزارتِ خزانہ کی طرف سے جاری کردہ اگست کے مہینے کے لیے "اپ ڈیٹ اینڈ آوٹ لک" رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ ملک میں حالیہ تباہ کن سیلابی صورتحال کے باعث روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں جولائی کے مقابلے میں مزید اضافہ ہوگا۔ کمپوزٹ لیڈنگ انڈیکیٹر (سی ایل آئی) کے مطابق پاکستان کے اہم ترین شعبوں بالخصوص زراعت کی برآمدات کی سرگرمیاں سیلاب کی وجہ سے بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔ مثال کے طور پر مون سون کی شدید بارشوں کی وجہ سے خریف کی چھوٹی بڑی فصلوں کی پیداوار میں شدید کمی کا خدشہ ہے۔ مزید برآں،

امریکی جریدے فنانشل پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق سخت معاشی حالات بالخصوص دن بدن روزمرہ استعمال کی اشیا کی بڑھتی قیمتیں، قرضوں کی سخت شرائط اور غیر یقینی سیاسی صورتحال کے باعث پاکستان پر بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد کم ہو رہا ہے۔

5 اگست کو وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے اشارہ دیا کہ پاکستان درست سمت کی طرف گامزن ہے تاہم وہ یہ امکان بھی رد نہیں کر سکے کہ آنے والے دن پاکستان کی معیشت کے لیے مزید برے ہو سکتے ہیں۔
22 اگست کو خزانہ و محصولات کی وزیر ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا نے پائیدار ترقی کے قیام اور ملکی معیشت کو مزید جامع بنانے کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات متعارف کرانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ پانی اور ماحولیاتی تحفظ معاشی ترقی کے ضامن ہیں۔

پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے جنرل سیکرٹری نے قومی اثاثوں کی بے لگام نجکاری پر اعتراض کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ ملک کے بنیادی معاشی مسائل پر توجہ دے اور انہیں حل کرے۔

دریں اثنا، پاکستان حال ہی میں دو دوست ممالک قطر اور سعودی عرب سے سرمایہ کاری کے معاہدے کرنے میں کامیاب رہا ہے۔ قطر کے "سوورن ویلتھ فنڈ" نے پاکستان کے ہوائی اڈوں اور ہسپتالوں میں سرمایہ کاری کا وعدہ کیا ہے جبکہ سعودی عرب کے وزیر خارجہ نے پاکستان کے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے ٹیلی فون پر گفتگو میں پاکستان میں ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان کیا۔ یہ پیش رفت حالیہ دنوں میں سٹیٹ بینک آف پاکستان کے اس اعلان کے بعد سامنے آئی جس میں اس نے ملک میں دوست ممالک کی طرف سے 4 ارب ڈالر کی ممکنہ سرمایہ کاری کا عندیہ دیا تھا۔

انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتویں بیل آوٹ پیکج کی تکمیل کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزارتِ خزانہ کے ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف رواں مالی سال کے دوران پاکستان کی معاشی ترقی کی سست شرح 3 اعشاریہ 5 فیصد تک توقع کر رہا ہے۔ ملک میں مہنگائی کی 20 فیصد تک بلند شرح اور روزمرہ استعمال کی بڑھتی قیمتوں کی وجہ سے ایسا ہو رہا ہے۔



اگست کے پہلے تین ہفتوں میں مزاحمت دکھانے کے بعد پاکستانی روپے کی ڈالر کے مقابلے میں قدر کم ہونے کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گیا ہے اور اگست کے آخری ہفتے کے اختتام تک ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قیمت 220 روپے تک دیکھی گئی۔

آئی ایم ایف نے پاکستانی معیشت کو تباہی سے بچانے کے لیے آخر کار 1 ایک اعشاریہ ایک ارب ڈالر کا بیل آوٹ پیکج منظور کر دیا ہے۔ اگرچہ دوست ممالک کی جانب سے سرمایہ کاری اور متوقع بیل آوٹ کے اعلان سے کافی ریلیف ملنے کا امکان ہے، تاہم تباہ کن سیلاب سمیت دیگر اقتصادی مسائل ممکنہ طور پر حکومت کے لیے نئے سماجی اقتصادی چیلنجز اور ملک کی معیشت کے لیے بہت زیادہ بوجھ کا باعث بن سکتے ہیں۔

## امن وامان اور قانون کی حکمرانی



اگست کے مہینے میں امن و امان قائم رکھنے والے اداروں کے خلاف حملوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ بلوچستان میں دو مختلف واقعات میں پاک فوج کے دو جوان شہید ہوئے جبکہ دو زخمی ہوئے۔ 9 اگست کو وزیرستان کے علاقے میر علی میں ایک خود کش حملے میں پاک فوج کے چار جوان شہید ہوئے۔ یہ حملہ ان رپورٹس کے بعد ہوا جن میں بتایا گیا تھا کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے 3 سرکردہ کمانڈرز مارے گئے ہیں جن میں 2014 کے آرمی پبلک سکول پر ہونے والے حملے کا ماسٹر مائنڈ عمر خالد خراسانی بھی شامل تھا۔

تحریک طالبان پاکستان جس نے سوات میں اپنی ریاست قائم کرکے پاکستان کی رٹ کو چیلنج کیا تھا، اطلاعات کے مطابق سوات ہی کے علاقے میں دوبارہ سر اٹھا رہی ہے۔ سامنے آنے والی چند ویڈیوز سے پتہ چلتا ہے کہ ٹی ٹی پی نے پاک فوج کے ایک میجر اور 4 پولیو کارکنوں کو اغوا کرلیا۔ بعد میں عسکریت پسندوں کے ساتھ ایک جرگے کے معاہدے کے نتیجے میں مغویوں کو رہا کر دیا گیا۔

یکم اگست کو ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جب پاک فوج کے 6 افسران بشمول کور کمانڈر ساؤدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی ایک ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ہیلی کاپٹر کو لسبیلہ میں اس وقت حادثہ پیش آیا جب وہ سیلاب متاثرین کے لیے ریلیف کا کام کر رہا تھا۔ تاہم، بلوچستان کے علیحدگی پسندوں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے ہیلی کاپٹر کو مار گرایا۔

طویل عرصے کے بعد پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے پاکستان آرمی جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں امریکی سینٹرل کمانڈ کے کمانڈر جنرل مائیکل ای کوریلا سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور، خطے میں امن وامان کی صورتحال اور دونوں افواج کے مابین دفاعی تعاون پر بات چیت کی۔

وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے حالیہ دورہ کے دوران پاکستان اور قطر نے ایک معاہدے پر دستخط کیے جس کے مطابق پاکستان قطر میں کھیلے جانے والے فیفا ورلڈ کپ 2022 کے دوران امن وامان برقرار رکھنے میں قطر کی معاونت کرے گا۔

## سماجی اشاریے



اگست کے مہینے میں ملک کے مختلف حصوں میں مون سون کی شدید بارشوں کی وجہ سینکڑوں افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق اموات کی تعداد ایک ہزار کے قریب پہنچ گئی ہے جبکہ 80 ہزار سے زائد گھروں کو نقصان پہنچا ہے اور بنیادی ڈھانچہ بری طرح متاثر ہوا ہے۔

ماحولیاتی تبدیلیوں کی وفاقی وزیر شیری رحمان نے خبردار کیا ہے کہ شدید بارشوں کے باعث متاثرین کی تعداد 3 کروڑ 30 لاکھ افراد تک پہنچ سکتی ہے، حکومت نے ملک میں "قومی ایمرجنسی" کا اعلان کردیا ہے کیونکہ شدید متاثر ہونے والے افراد کی تعداد پہلے ہی 3 کروڑ تک پہنچ چکی ہے۔

وزارتِ صحت کے حکام کی رپورٹ کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں کے سیوریج کے پانی کے نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔ اس سے پولیو کے جڑ سے خاتمے کی حکومتی کوششوں کی نااہلی ثابت ہوتی ہے۔ پولیو وائرس دنیا کے صرف دو ممالک پاکستان اور افغانستان میں باقی رہ گیا ہے۔ درج بالا رپورٹس کے بعد وزیراعظم شہباز شریف نے 19 اگست کو ملک میں اس سال کی تیسری پولیو ویکسین مہم کا افتتاح کیا اور عزم ظاہر کیا کہ ملک سے پولیو کا خاتمہ کرکے دم لیں گے۔

ایک خوش آئند پیش رفت میں پنجاب کے نومنتخب وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی نے صوبے میں گریجویشن تک مفت تعلیم دینے کے علاوہ ہسپتالوں میں مفت ادویات دے کر پنجاب کو "مثالی صوبہ" بنانے کا اعلان کیا ہے۔

5 اگست کو پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے خیبر پختونخوا کے محکمہ صحت کو مزید مستحکم بنانے کے لیے 36 گاڑیاں صوبائی حکومت کے حوالے کیں۔ یہ گاڑیاں امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے پروگرام کے تحت عطیہ کی گئیں جن کا مقصد صوبے میں کرونا وائرس سمیت متعدی بیماریوں کا پتہ چلانا اوران سے نمٹنا ہے۔

# انسانی حقوق



دستخط کیے جس کے مطابق پاکستان قطر میں کھیلے جانے والے فیفا ورلڈ کپ 2022 کے دوران امن وامان برقرار رکھنے میں قطر کی معاونت کرے گا۔

پاکستان کے آئین کا آرٹیکل 19 شہریوں کے اظہار رائے کی آزادی کو تحفظ دیتا ہے تاہم اگست کے مہینے کے دوران حکومت نے آزادی اظہار اور مخالف آوازوں کو دبانے کے لیے سخت اقدامات کیے۔

9 اگست کو پاکستان کے خبریں نشر کرنے کے سب سے بڑے ٹی وی چینل اے آر وائی نیوز کو اس الزام کے تحت بند کر دیا گیا کہ وہ حکومت پر تنقید کرتا ہے اور اس پر "باعیانہ" مواد نشر کیا گیا ہے۔

تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی تقریر ٹیلی ویژن پر براہ راست نشر کرنے پر پابندی عائد کرنے کے بعد حکومت نے خان کی طرف سے اپنی تقریر نشر کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا ڈیجیٹل پلیٹ فارم یوٹیوب بھی عارضی طور پر بند کر دیا تھا۔

حکومت نے اپنی من مانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے مخالف متعدد صحافیوں کو بھی حراست میں لیا اور انہیں تشدد کا نشانہ بنایا۔ اس سلسلے کے تازہ ترین واقعہ میں، 21 اگست کو بول نیوز کے اینکر پرسن جمیل فاروقی کو گرفتار کرکے تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ انسانی حقوق کے ادارے نے پاکستان تحریک انصاف کی طرف سے مرکزی رہنما شہباز گل پر دوران حراست تشدد کی تحقیقات کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ اپنی رپورٹ میں ہیومن رائٹس واچ نے پاکستانی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سکیورٹی اداروں کی طرف سے دوران
فعل قرار دیا جائے۔

ایک چونکا دینے والے واقعہ میں، فیصل آباد میں میڈیکل کے آخری سال کی ایک طالبہ کو اپنے سے دوگنا زیادہ عمر کے شخص سے شادی سے انکار پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا، جنسی طور پر حراساں کیا گیا اور اس کی ویڈیو بنائی گئی۔ اگرچہ ملزمان گرفتار ہوچکے ہیں اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے اس کا نوٹس لیا ہے تاہم مظلوم لڑکی ابھی تک انصاف کی منتظر ہے۔ پشاور میں پیش آنے والے ایک اور واقعہ میں ایک سکھ خاتون کو مبینہ طور پر مذہب تبدیل کرنے پر مجبور کیا گیا۔ سکھ کمیونٹی نے مذہب کی اس تبدیلی اور خاتون کی شادی کو زبردستی قرار دیتے ہوئے اس کے خلاف احتجاج کیا اور پولیس سے ایف آئی آر درج کرنے کی اپیل کی جو تاحال درج نہیں کی گئی۔

چائلڈ لیبر کے ایک تازہ ترین واقعہ کے مطابق، لاہور کے علاقے ڈیفنس میں دو کمسن مزدور بھائیوں کو گھر کے مالک اور اس کے خاندان کے افراد نے تشدد کا نشانہ بنایا۔ پولیس کی رپورٹ کے مطابق دونوں بھائیوں کو ہسپتال میں داخل کروایا گیا جہاں ایک بھائی جان کی بازی ہار گیا جبکہ دوسرے کا علاج جاری ہے۔



ایک اور واقعہ میں حیدر آباد میں ایک ہندو خاکروب کو ہجوم نے تقریباً جان سے مارنے کی کوشش کی جس پر الزام تھا کہ اس نے قرآن پاک کی بے حرمتی کی ہے تاہم پولیس اور رینجرز نے موقع پر پہنچ کر آنسو گیس کی شیلنگ سے ہجوم کو منتشر کیا۔

مجموعی طور پر ملک میں انسانی حقوق، خواہ خواتین ہوں یا بچے، یا اقلیتیں، کی صورت حال ناگفتہ بہ ہے۔

# خارجہ تعلقات



پاکستان اور اس کے روایتی حریف بھارت نے اگست میں اپنی ڈائمنڈ جوبلی سالگرہ جوش و خروش سے منائی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ بھارت کے ساتھ "مستقل امن" کے خواہاں ہیں اور یہ کہ "جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں

اس ماہ بھارت نے اپنی فضائیہ کے تین افسران کو برطرف کر دیا جن پر الزام تھا کہ انہوں نے 9 مارچ 2022 کو پاکستان میں ایک میزائل حادثاتی طور پر فائر کر دیا۔ بھارت کی طرف سے اس کیس کو بند کرنے کی کوشش کا الزام لگاتے ہوئے پاکستان نے اس انتہائی غیر ذمہ دارانہ اقدام کی مشترکہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ اس واقعے سے دونوں ممالک جوہری جنگ کے دہانے پر پہنچ سکتے تھے۔

دو طرفہ تعلقات کی خرابی کے باوجود، دونوں ممالک نے عالمی صحت میں ہم آہنگی کا مظاہرہ کیا ہے کیونکہ دونوں ممالک نے گزشتہ دو ماہ کے دوران عالمی ادارہ صحت میں مشترکہ طور پر دو مسودوں کو سپانسر کیا ہے۔
یکم اگست کو، چین کے شین یانگ اکنامک اینڈ ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ ایریا اور پاکستان کی اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی نے ٹیکنالوجی کے شعبے میں پاک چین تعاون کو وسعت دینے کے لیے لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط کیے۔


امریکی ایوان نمائندگان کی سپیکر نینسی پیلوسی کے دورہ تائیوان کے بعد آبنائے تائیوان میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے تناظر میں، اسلام آباد نے پیلوسی کے دورے پر بیجنگ کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے "ایک چین پالیسی" کی مضبوط حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کی سفیر ملیحہ لودھی کے مطابق امریکہ اور چین کی بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پاکستان پر اثرات "ناگزیر" ہیں۔ پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف نے امریکہ چین کشیدگی کے خاتمے کے لیے "مثبت" کردار ادا کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان چین اور امریکہ کے تعلقات میں خود کو الگ نہیں رکھ سکتا۔

ایک بڑے اقدام کے طور پر وزیر اعظم شہباز شریف نے غیر مقبول سی پیک اتھارٹی کے خاتمے کا اعلان کر دیا تاکہ پاکستان میں سی پیک منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز تر کیا جا سکے۔ تاہم اس فیصلے پر عملدرآمد کے لیے چین کی منظوری کا انتظار تھا جس نے خاموشی سے متنازعہ سی پیک اتھارٹی کے خاتمے کی منظوری دے دی ہے۔

پاکستان کے ایران کے ساتھ باہمی تعلقات زیادہ تر اقتصادی شعبے پر مرکوز رہے ہیں۔ پاکستان کے وزیر خزانہ مفتاح
اسماعیل نے ایک ایرانی ٹیلی ویژن کو انٹرویو میں تہران کے ساتھ مختلف شعبوں بالخصوص توانائی کے شعبے میں مل کر کام کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ تاہم ایران کا خیال ہے کہ امریکہ کی طرف سے ایران پر لگائی گئی پابندیاں دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات استوار کرنے کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے پاک ایران ایکسپو بھی 24 سے 26 اگست تک منعقد ہوئی۔

23 اگست کو وزیر اعظم شہباز شریف نے تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قطر کا دو روزہ دورہ کیا۔ دورہ کامیاب رہا اور قطر انوسٹمنٹ اتھارٹی نے پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان کیا۔

پاکستان اور امریکہ کے درمیان تعلقات میں سرد مہری کے بعد امریکی وزیر خارجہ نے پاکستان کو اس کی 75ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کی اور اسلام آباد اور واشنگٹن کے مابین مضبوط تعلقات کی امید ظاہر کی۔



16 اگست کو پاکستان میں امریکہ کے سفیر ڈونلڈ بلوم نے پاکستانی فضائیہ کے سربراہ ظہیر احمد سدھو سے ملاقات کی اور علاقائی امن اور سکیورٹی کے امور پر بات چیت کی۔ امریکی سفیر بلوم کا دورہ کراچی اور حکومتی اور تاجر رہنماؤں سے ملاقاتیں امریکہ کی اسلام آباد کے ساتھ مضبوط اقتصادی اور تجارتی تعلقات میں دلچسپی کی طرف اشارہ ہے۔

پیش کنندہ

accountabilitylab
PAKISTAN